
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : رضوانہ یونس

کلاس 3 کے لئے



## ٹیچر کیلئے تیاری

- یہ ٹیچرز گائیڈ کلاس 2 کے بچوں کے لئے تیار کی گئی ہے لیکن بچوں کے تعلیمی معیار کے مطابق دوسری کلاسوں میں بھی پڑھائی جا سکتی ہے۔اس گائیڈ میں کتاب کو پڑھانے کے طریقے کو جس طرح مختلف سیشن میں تقسیم کیا گیا ہے وہ محض ایک تجویز ہے۔ کتاب پڑھاتے وقت بچوں کی دلچسپی اور ذہنی ارتقاء کے پیش نظر اس کی ترتیب اور مواد میں ردوبدل کیا جائے۔

## سیشن 1

- اس پہلے سیشن میں کہانی یا تو خود تاثرات کے ساتھ پڑھئے یا بچوں سے پڑھوائیں۔ اس کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ کسی بھی خاص اور اہم مقام پر جانے کے لئے اہتمام اور تیاری کیسے کی جاتی ہے اور مزید یہ کہ تیاری اور اہتمام مختلف حوالوں سے ہوتے ہیں۔ پھر بورڈ پر لفظ تیاری لکھ کر اس کے اردگرد درج ذیل انداز میں لائنیں کھینچ لیں اور بچوں کے ساتھ مل کر ایک فہرست بنائیں۔
ساتھ ہی ساتھ بچوں پر یہ بھی واضح کریں کہ ہر جگہ کی تیاری اور اہتمام ایک دوسرے سے مختلف ہوتا ہے۔ مثلاً ہم اسکول جانے کی تیاری روزانہ ہی کرتے ہیں جبکہ سالگرہ اور عید کی تیاری سال میں ایک دفعہ آتی ہے۔ اس لئے اس مناسبت سے ہر جگہ کا اہتمام ایک دوسرے سے علیحدہ ہوتا ہے۔ اس موقع پر بچوں کو بھرپور اظہار کا موقع فراہم کریں۔ اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے کسی ایک تیاری کو منتخب کر کے اس کے بارے میں پیراگراف لکھیں۔

### نوٹ

- اس موقع پر بچوں کی اچھی طرح رہنمائی کریں۔

## گھر کا کام

- پیراگراف یا مضمون کی لکھائی مکمل کر کے لائیں۔

### نوٹ

- اگر اس سیشن میں کام مکمل نہ ہو تو اسے اگلے سیشن میں جاری رکھیں۔

## سیشن 2

- اس سیشن میں بچوں سے فرداً فرداً کہانی کی پڑھائی کر وائیں۔ ساتھ ہی ساتھ بچوں کو نئے الفاظ اور ان کے معنی بھی بتاتے جائیں۔ مثلاً اشرفی۔ جوہری۔ مشورہ۔ استقبال۔ کشتی۔ وغیرہ۔ ساتھ ہی ساتھ بچوں سے گلہری کے حوالے سے بات چیت کیجئے اور بچوں کو معلومات حاصل ہوں تو ان سے بھی پوچھیں۔

اس کے علاوہ بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ پرانے زمانے میں بادشاہوں کے پاس جانے کے لئے کتنا اہتمام کیا جاتا تھا۔ ساتھ ہی ساتھ کتاب میں موجود تصویروں کے حوالے سے بچوں کو پرانے زمانے کے ماحول سے بھی روشناس کروائیں۔

## گھر کا کام

- گلہری کے بارے میں معلوماتی پیراگراف سادے کاغذ پر لکھ کر لائیں۔

## نوٹ

- کسی آرٹ ٹیچر یا بذات خود کسی سادے چارٹ پیپر پر گلہری کا خاکہ بنائیں۔ یہ کام کسی مارکر کی مدد سے مناسب رہے گا تاکہ اگلی جماعت میں بچے جب گلہری کے بارے میں معلوماتی پیراگراف لکھ کر لائیں تو یہ معلومات معہ بچے کا نام سوفٹ بورڈ پر لگادیں۔ ٹیچر کی سہولت کے لئے اس گائیڈ میں گلہری سے متعلق معلومات بھی دی جا رہی ہیں۔

# سیشن 3

- بچے اب تک کہانی کے اصل مفہوم اور کہانی سے اچھی طرح واقف ہو گئے ہوں گے۔ اب ان کا ذہنی امتحان لیں اور درج ذیل سوالات کروائیں۔
- آپ کے خیال میں گلہری نے بادشاہ کے محل جانے کے لئے موتی کی سواری کا انتخاب ہی کیوں کیا؟
- اگر آپ گلہری کی جگہ ہوتے تو بادشاہ کی دی ہوئی اشرفیوں سے اپنے لئے کیا چیز بنواتے؟
- گلہری کیسا جانور ہے اس کے بارے میں پانچ معلوماتی سطریں لکھیں؟
- زمین پر چلنے والی کم از کم پانچ سواریوں کے نام لکھیں؟

## گھر کا کام

- کہانی میں سے الفاظ اور معنی اور ان کی ضد تلاش کریں۔ مثلاً نیچے۔ اوپر۔ کل۔ آج وغیرہ وغیرہ۔

# سیشن 4

- اس ٹیچرز گائیڈ میں گلہری کے نام سے ایک دلچسپ نظم دی جا رہی ہے۔ اسے بچوں کو اچھی طرح یاد کروائیں۔

نہ مارو بچاری
گلہری کے پتھر
اسی خوف سے تو
وہ بیٹھی ہے چھپ کر

یہ چوہے سے کچھ ہی
بڑی قد میں ہوگی
وہی ناک نقشہ
وہی لمبی دم بھی
مگر اس کی دم پر
بہت بال ہوں گے
بہت ہی ملائم
گھنے ریشمی سے
ادھر پیٹھ پر بھی
سیاہ اور بھوری
حسیں دھاریاں سی
ہمیشہ ملیں گی
درختوں پہ اس کا
رہے گا بسیرا
زمین پر بھی اکثر
لگائے گی پھیرا
بہت تیز تیکھی
ہے آواز اس کی
خوشی میں یہ جب ہو
برابر چہکتی

## نوٹ

- اگر نظم اپنی طوالت کی وجہ سے پوری یاد نہ کی جاسکے تو ٹیچر اپنی مرضی سے چند اشعار خارج کر دیں۔

# سیشن 5

- کہانی کی پڑھائی کے اختتام کے بعد کہانی کے حوالے سے پرانے زمانے میں استعمال ہونے والی بہت سی چیزیں مثلاً پاندان، خاصدان، عطردان، پرانے زمانے کے نقشی کٹورے، کشیدہ کاری کی ہوئی اشیاء، لکڑی کا سامان وغیرہ بچوں کی مدد سے جمع کر کے ان تمام اشیاء کا display کروائیں۔ ساتھ ہی کچھ بچوں کو پرانے زمانے کے لباس پہنا لیجئے تاکہ یہ کام مزید جاذب نظر لگ سکے۔ تھوڑی سی کوشش اور محنت کے بعد اس کہانی کا تاثر دیر تک بچوں کے ذہنوں پر رہ سکے گا۔

## اضافی کام

- کہانی کے حوالے سے اسکول میں کسی بزرگ مہمان کو مدعو کریں جو بچوں کو بتا سکیں کہ ان کے زمانے میں وہ کس طرح عید کی تقریب منایا کرتے تھے۔ یا یہ کہ ان کے زمانے میں کسی بھی تقریب کو منانے کے لئے کیا کیا اہتمام کئے جاتے تھے۔ یہ بات چیت بچوں کے لئے بہت مفید رہے گی۔

کہانی کے حوالے سے کسی بھی تیاری کا منظر مثلاً ڈرامے، اسکول، سالگرہ، شادی وغیرہ کو skit کی شکل میں کروایا جاسکتا ہے۔ کوشش کریں کہ اس skit کے مکالمے بھی بچے خود ہی لکھیں۔

کہانی کے حوالے سے مختلف سواریوں اور ان کی سیر کے حوالے سے کام کروایا جاسکتا ہے۔ موجودہ دور کی سواریوں کا موازنہ پرانے زمانے کی سوایوں سے کروایا جاسکتا ہے۔

## گلہری

گلہری سرخ، بھورے اور مٹیالے رنگ کی ہوتی ہے اور دوڑنے میں اپنا جواب نہیں رکھتی۔ شکل و صورت کے اعتبار سے ضرور چوہے سے ملتی جلتی ہے۔ گلہری کی دم لمبی اور بالوں سے بھرپور ہوتی ہے اور پیٹھ پر تین دھاریاں ہوتی ہیں۔ وہ اپنے اگلے پنجوں کی مدد سے ہر چیز آسانی سے پکڑ لیتی ہے اور وہ اس کے لئے ننھے منھے ہاتھوں کا کام انجام دیتے ہیں۔

گلہری گھونسلا بنا کر رہتی ہے۔ اس کا گھونسلا اندر سے نرم اور باہر سے مضبوط ہوتا ہے۔ اس کی بناوٹ میں روئی، کپڑے کی دھجیاں اور رسیاں استعمال کی جاتی ہیں۔

گلہری پھل بڑے شوق سے کھاتی ہے مگر جتنا کھاتی ہے اس سے زیادہ کتر کتر کر پھینکتی ہے۔ کنگرو کی طرح اس کے گلے میں ایک تھیلی ہوتی ہے جس میں وہ خوراک جمع کرتی ہے۔

گلہری کا وطن عام طور پر ایشیا اور یورپ ہے۔ البتہ آسٹریلیا اور افریقہ میں مڈاگاسکر کے جزائر کے سوا باقی تمام دنیا میں پائی جاتی ہے۔ ایک اور گلہری جسے ''ملا بار'' گلہری کہتے ہیں ہندوستان کے جنوب مغربی علاقے میں رہتی ہے۔اس کا قد تقریباً ایک فٹ کے قریب ہوتا ہے اور دم بے حد لمبی ہوتی ہے۔ ایک اور گلہری جو سرخ اور چمکیلی ہوتی ہے یورپ کے شمال اور مغربی حصے میں پائی جاتی ہے۔

روس اور سائبیریا کے علاقے میں جو گلہری پائی جاتی ہے اس کا رنگ زردی مائل بھورا ہوتا ہے۔ گلہری کی دم کے بالوں کی مدد سے آرٹسٹ اور پینٹر اپنے قلم بناتے ہیں۔

# چھچ چھچ گلہری

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی

دوسرا ایڈیشن : اپریل 2007

مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup

187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk